NYC Public Schools PS+YOU

From Chancellor **David C. Banks**

چانسلر David C. Banks کی جانب سے ایک خبرنامہ

اپنے طلباء، عملے اور خاندانوں کی بات سننا

نیو یارک کے عزیز مکین،

لوگ اکثر مجھ سے بطور این وائی سی پبلک اسکولز چانسلر دن بہ دن کے تجربات کے بارے میں پوچھتے ہیں۔ جبکہ میرا شیڈول یقیناً مختلف ہوتا ہے، ایک چیز مستقل ہے: ہر روز، میں سنتا ہوں۔ چاہے کسی اسکول کے دورے پر ہوں یا ایک میٹنگ میں ہوں، یا CEC ٹاؤن ہال میں، میں ہماری NYCPS برادری کو حقیقی طور پر سنے بغیر اپنے کام کو درست انجام نہیں دے سکتا۔

اسی لیے میرا ماننا ہے کہ ہمارے استعمال کے لیے NYC School Survey سب سے زیادہ طاقتور وسائل میں سے ایک ہے۔ یہ یقینی بناتا ہے کہ ہمارے نظام میں ہر قائد طلبا، خاندانوں اور عملے کی جانب سے براہ راست سنے۔

یہ سروے انتہائی گراں قدر معلومات سے پُر ہیں۔ کیا طلبا تعلیمی طور پر چیلنج کیے جانا محسوس کرتے ہیں؟ کیا عملہ محسوس کرتا ہے کہ انہیں اعانت مل رہی ہے؟ کیا خاندانوں کو خیر مقدم کیے جانے کا احساس ہوتا ہے؟ مقامی اور مرکزی دونوں سطح پر، ہم ان سوالات کے جوابات کو پُرفہم اور پُرمعنی تبدیلیاں کرنے کے لیے استعمال کرتے ہیں جو ہمارے اسکولوں کو بہتر بناتی ہیں۔

میں یہ بتاتے ہوئے پُرجوش ہوں کہ 2024 این وائی سی اسکول سروے اس ہفتے ابھی کھلا ہے، اور اساتذہ، خاندان اور گریڈز 6-12 کے طلبا اسے NYCSchoolSurvey.org پر 5 اپریل تک مکمل کرسکتے ہیں۔ خاندان ایک کاغذی کاپی بھی موصول کریں گے جو 10 مختلف زبانوں میں دستیاب ہے۔

ذیل میں چند اہم تفصیلات ہیں: سروے لینے کے لیے، طلبا کو اپنا نو اکائی طالب علم شناختی (OSIS) نمبر درکار ہوگا، جو انکے رپورٹ کارڈ، طالب علم کے آئی ڈی کارڈ پر دیکھا جا سکتا ہے، یا انکے اسکول سے درخواست کی جاسکتی ہے۔ خاندان سروے لینے کے لیے "f"

درج کرنے کے بعد اپنے بچے کا OSIS درج کرکے یا NYCSA میں لاگ اِ ن کرکے سروے لے سکتے ہیں۔ اور اساتذہ اور اہل معاونتی عملہ انکے اسکول کے سروے رابطہ کار کے ذریعے فراہم کردہ بلا ترتیب رسائی کوڈ استعمال کرکے سروے آن لائن لے سکتے ہیں۔

یہ ہمارا اس سروے کا اٹھاروان (18th) انعقاد ہے، ملک میں سب بڑے سالانہ سروے میں سے ایک۔ جبکہ عالمی وبا کے دوران اس میں حصہ لینے میں کمی واقع ہوئی تھی، ہم اضافے کی جانب رواں ہیں اور پہلے سے کہیں زیادہ جوابات جمع کرنے کی امید رکھتے ہیں۔ میں اپنی ہر اسکول برادری کو 100% حصہ لینے کے لیے چیلنج کرتا ہوں— جیسا کہ کوئینز میں IS 141 نے پچھلے موسم بہار میں کیا تھا۔

اب اور 5 اپریل کے درمیان این وائی سی اسکول سروے مکمل کریں اور اپنی آواز سنائیں۔ NYCPS میں، ہم یہاں موجود ہیں اور سننے کے لیے تیار ہیں۔

مائل بہ پرواز،

David C. Banks

چانسلر

ہماری مرکزِ توجہ وڈیو:

NYCPS کی تازہ ترین خبروں کے لیے ہمیں آن لائن X، فیس بُک اور انسٹا گرام پر فالو کریں۔

اور یہاں میئر Eric Adams کی ہفتہ وار وڈیو ہے۔ اگر آپ میئر کے دفتر سے براہِ راست جدید معلومات موصول کرنے میں دلچسپی رکھتے ہیں، براہِ مہربانی یہاں کلک کریں۔

NYCPS خاندان: اگر آپ مزید PS+You خبرنامہ موصول نہیں کرنا چاہتے، برائے مہربانی ان سبسکرائب کریں۔